11اپریل 2016ء

# اسٹیٹ بینک نے بینک آف پنجاب کو حکومت پنجاب کی صوبائی وصولی/ ٹیکس جمع کرنے کے لیے ایجنٹ مقرر کر دیا

بینک دولت پاکستان نے حکومت پنجاب کی صوبائی وصولیوں اور ٹیکس جمع کرنے کے لیے بینک آف پنجاب کو اپنا ایجنٹ مقرر کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں دستخط کی تقریب آج اسٹیٹ بینک کراچی میں منعقد ہوئی۔ یہ تقرر اسٹیٹ بینک کی اس حکمت عملی کا حصہ ہے جس کے تحت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو ان کی ٹیکس وصولی کا نظام بہتر بنانے میں مدد دی جاتی ہے۔ ٹیکس دہندگان کو ٹیکس ادائیگی کے متنوع طریقے دستیاب ہو جائیں گے، حکومت کی ٹیکس وصولی کی سرگرمیوں میں مسابقت آئے گی، جس کی اشد ضرورت تھی، اور اس طرح ٹیکس وصولی میں شریک بینکوں کی خدمات کا معیار بھی بہتر ہو گا۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عرفان علی نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا بینک ہونے کے ناتے اسٹیٹ بینک خود یا ملک بھر میں موجود اپنی ایجنسیوں کے ذریعے عمدہ، مسابقتی اور جدید ترین بینکاری خدمات فراہم کرنے کے لیے سرگرم ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بینک آف پنجاب کی شمولیت سے ٹیکس دہندگان کو حکومتی واجبات اور ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولتیں دینے کی صوبائی حکومت کی کوششوں کو تقویت حاصل ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ بینک آف پنجاب کے تجربے کی بنیاد پر دیگر صوبائی حکومتوں کے ساتھ بھی یہ انتظامات کیے جائیں گے تاکہ وہ اپنی مرضی کے بینکوں کے ذریعے ٹیکس جمع کر سکیں۔

صدر بینک آف پنجاب نعیم الدین خان نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پنجاب حکومت کے ٹیکس وصولی کے عمل میں اعتماد کا اظہار کرنے پر اسٹیٹ بینک اور حکومت پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کے ساتھ ایجنسی سمجھوتہ طے پانا اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ صارفین کو سہولتوں کی فراہمی اور ان کا اطمینان بینک آف پنجاب کے ایجنسی کاروبار کی نمائندہ خصوصیت ہو گی، جس سے صنعت کے لیے نئے معیارات کا تعین ہو سکے گا۔

انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بینک آف پنجاب کی شمولیت سے ٹیکس دہندگان کو حکومتی واجبات اور ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولتیں دینے کی صوبائی حکومت کی کوششوں کو تقویت حاصل ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ بینک آف پنجاب کے تجربے کی بنیاد پر دیگر صوبائی حکومتوں کے ساتھ بھی یہ انتظامات کیے جائیں گے تاکہ وہ اپنی مرضی کے بینکوں کے ذریعے ٹیکس جمع کر سکیں۔

***